سوال

کیا یہ غلط ہے کہ کوئی لڑکی کسی شخص سے اپنے دل میں محبت رکھے اور اللہ تعالی سے دعا کرتی رہے کہ اس سے شادی ہوجائے ؟

جواب

الحمد للہ

جب یہ محبت اسے اللہ تعالی کی محبت سے غافل نہ کرے اور اس میں کوئی حرام کام شامل نہ ہو مثلا اس سے بات چیت اور ملاقات وغیرہ جو کہ حرام ہیں تو پھر ان شاء اللہ اس محبت جو کہ صرف اس نے اپنے دل میں ہی رکھی ہے اس میں کوئی حرج نہیں ۔

اور اس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ وہ اللہ تعالی کے سے یہ دعا کرتی رہے کہ وہ اس کے نصیب میں کردے لیکن شرط یہ ہے کہ جب وہ شخص مسلمان اور اس کے اعمال بھی صحیح ہوں وہ اسلام کا التزام کرتا ہو اور اسے اللہ تعالی کا ڈر اور خوف ہو ۔

واللہ اعلم